# قضا نماز

## قضا نماز

مسئلہ۶۲۹۔ اگر کسی نے یومیہ واجب نماز جان بوجھ کر یا بھولے سے یا لاعلمی کی بنا پر اس کے معین وقت میں نہ پڑھی ہویا وقت گزرنے کے بعد متوجہ ہوا ہو کہ نماز باطل ہوئی تھی تو ضروری ہے کہ اس کی قضا بجالائے ۔

مسئلہ۶۳۰۔ اگر کوئی شخص یومیہ نماز کے علاوہ کوئی اور واجب نماز مثلاً نمازآیات کو اس کے معین وقت میں نہ پڑھے تو ضروری ہے کہ اس کی قضا بجالائے۔

مسئلہ۶۳۱۔ نماز کی قضا اس صورت میں واجب ہے کہ جب مکلف کو اس کے قضا ہونے یا باطل ہونے کا یقین ہو لیکن اگر قضا ہونے یا باطل ہونے کا شک یا گمان ہوتو اس کی قضا بجالانا واجب نہیں ہے۔

مسئلہ۶۳۲۔ اگر مکلف نماز کے پورے وقت میں بے ہوش رہے تو اس کی قضا واجب نہیں ہے البتہ اگر اس کے اپنے اختیار سے بے ہوشی طاری ہوئی ہو تو اس صورت میں احتیاط واجب کی بناپر ضروری ہےکہ نماز کی قضا بجالائے۔

مسئلہ۶۳۳۔ اگر کوئی غیر مسلم اسلام لائے تو مسلمان ہونے سے پہلے جو نمازیں نہیں پڑھی ہیں ان کی قضا لازم نہیں ہے لیکن مرتد یعنی وہ مسلمان جس نے اسلام کو چھوڑدیا ہو اس کے لئے ضروری ہے کہ توبہ کرنے کے بعد ارتداد کے زمانے میں قضا ہونے والی نمازوں کی قضا بجالائے۔

مسئلہ۶۳۴۔ جن نمازوں کے پورے وقت میں عورت حیض یا نفاس کی حالت میں رہی ہو ، ان کی قضا واجب نہیں ہے۔

مسئلہ۶۳۵۔ جس شخص پر قضا نماز واجب ہو اس کو فوراً پڑھنا واجب نہیں ہے البتہ اس کو پڑھنے میں کوتاہی نہیں کرنی چاہئے۔

مسئلہ۶۳۶۔ اگر کوئی شخص حکم شرعی یا موضوع سے لا علمی کی بنا پر نماز کو طہارت کے بغیر پڑھے مثلاً کسی کو مجنب ہونے کا علم نہ ہو اور غسل کے بغیر یا باطل غسل یا باطل وضو کے ساتھ نماز پڑھی ہو تو ضروری ہے کہ ان نمازوں کی قضا بجالائے۔

مسئلہ۶۳۷۔ واجب نماز کی قضا اسی ترتیب سے بجالانا چاہئے جس طرح قضا ہوئی ہے۔ بنابرایں اگر مکلف کا وظیفہ چار رکعتی نمازپڑھنا ہو اور وہ قضا ہوجائے تو ضروری ہے کہ اس کی قضا کو بھی چار رکعتی بجالائے ( اگرچہ سفر کے دوران قضا بجالائے) اور سفر کے دوران ( جب اس کا وظیفہ قصر پڑھنا ہو) چار رکعتی نمازیں قضا ہوجائیں تو ضروری ہے کہ قصر کرکے قضا بجالائے اگرچہ قضا بجالاتے وقت سفر میں نہ ہو۔

مسئلہ۶۳۸۔ واجب نماز کی قضا کو دن اور رات میں جب چاہے پڑھ سکتا ہے اور لازمی نہیں کہ نماز صبح کی قضا کو نماز صبح کے وقت اور نماز ظہر کی قضا کو نماز ظہر کے وقت بجالائے۔

مسئلہ۶۳۹۔ نماز قضا ہونے کا معیار آخری وقت ہے ۔ بنابرایں اگرآخری وقت میں جب نماز قضا ہوئی ہو مسافر ہو تو اس نماز کی قضا کو قصرکرکے بجالائے اگرچہ اول وقت میں وطن میں تھا اور اگرآخری وقت میں سفر میں نہ ہوتو قضا کو پوری پڑھے اگرچہ اول وقت میں سفرمیں تھا۔

مسئلہ۶۴۰۔ نماز کی قضا بجالاتے ہوئے ترتیب کی رعایت واجب نہیں ہے مگر یہ کہ ایک دن کی نماز ظہر اور عصر اور ایک دن کی نماز مغرب و عشاء ہو ( تو رعایت واجب ہے)

مسئلہ۶۴۱۔ اگر کسی شخص کو قضا ہونے والی نمازوں کی تعداد کے بارے میں علم نہ ہو تو جتنی مقدار کے قضا ہونے پر یقین ہے اس پر اکتفا کرسکتا ہے۔

مسئلہ۶۴۲۔ جس شخص پر قضا نماز واجب ہو وہ ادا نماز پڑھ سکتا ہے لیکن احتیاط واجب یہ ہے کہ اگر صرف ایک قضا نماز ہو تو پہلے قضا نماز کو پڑھے مخصوصا اگر اسی دن کی قضا نماز ہو۔

مسئلہ۶۴۳۔ جس شخص پر قضا نماز واجب ہو، نافلہ اور مستحب نماز پڑھ سکتا ہے۔

مسئلہ۶۴۴۔ یومیہ نوافل کی قضا بجالانا مستحب ہے۔